AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 | بدھ 3 شعبان 1445ھ 14 فروری 2024ء 2 پھاگن 2079ب | شمارہ نمبر 246

ن لیگ کے وزارت عظمیٰ کے امیدوار کو ووٹ دیں گے مگر حکومت کا حصہ نہیں بنیں گے، بلاول

پیپلز پارٹی وفاقی کابینہ کا حصہ بننے میں دلچسپی نہیں رکھتی، ہم 18 ماہ ن لیگی حکومت کا حصہ رہے جس میں پارٹی کو شکایات ہوئیں، کوشش کریں گے کہ سندھ اور بلوچستان میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے‘ خواہش ہے کہ زرداری صدر بنیں

پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس مرکز میں حکومت بنانے کیلئے مطلوبہ مینڈیٹ نہیں تھا اس لیے میں وزیراعظم کا امیدوار نہیں ہوں‘ پیپلز پارٹی ملک میں سیاسی افراتفری، بحران نہیں چاہتی‘ پی پی چیئرمین کی اجلاس کے بعد پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی نے وزارت عظمیٰ کے لیے مسلم لیگ ن کے امیدوار کو ووٹ دینے اور حکومت کا حصہ نہ بننے کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پیپلز پارٹی نے پاکستان کو بحران سے نکالنے کا اصولی فیصلہ کیا ہے، ہم پاکستان کھپے کا نعرہ لگاتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، ہمارا اصولی فیصلہ ہے کہ ملک کو بحران سے نکالنا ہے، مستحکم بنانا ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پاس مرکز میں حکومت بنانے کیلئے مطلوبہ مینڈیٹ نہیں تھا اس لیے میں وزیراعظم کا امیدوار نہیں ہوں۔ بلاول بھٹو زر(بقیہ نمبر 59)

لاہور۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) کے طارق فضل چوہدری کی کامیابی کا نوٹیفکیشن چیلنج

آزاد امیدوار شعیب شاہین نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی

اسلام آباد (این این آئی) آزاد امیدوار شعیب شاہین نے اسلام آباد کے حلقے این اے 47 سے مسلم لیگ) ن (کے امیدوار طارق فضل چوہدری کی کامیابی کا نوٹی فکیشن چیلنج کر دیا۔ آزاد امیدوار شعیب شاہین نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کی تینوں نشستوں پر کامیاب امیدواروں کا نوٹی فکیشن جاری کیا تھا۔ نوٹی فکیشن (بقیہ نمبر 54)

نواز شریف چوتھی مرتبہ وزیراعظم نہیں بنیں گے

شہباز شریف

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد ارکان اکثریت ثابت کر کے شوق سے حکومت بنالیں، ہم اپوزیشن میں بیٹھ جائینگے‘ اگر وہ حکومت نہیں بنا سکتے تو یقیناً ایوان میں دوسری سیاسی جماعتیں باہمی مشاورت سے اپنا فیصلہ کریں گی

حکومت بننے کے بعد بلا تاخیر آئی ایم ایف پروگرام کے لئے رجوع کرنا پڑے گا، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جان لڑائیں گے، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی خاطر سب اپنی انا کو ایک طرف رکھیں‘ پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد ارکان اکثریت ثابت کر دیں تو شوق سے حکومت بنالیں اور ہم اپوزیشن میں بیٹھ جائیں گے، لیکن اگر وہ حکومت نہیں بنا سکتے تو یقیناً ایوان میں دوسری سیاسی جماعتیں باہمی (بقیہ نمبر 53)

موجودہ سیاسی کھیل پر تنقید کرنیوالے خود بھی اسی کا حصہ رہے‘ اختر اقبال ڈار

نام نہاد سیاسی رہنما آج بھی اپنی منزل کا تعین کرنے سے قاصر ہیں‘ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف نظریاتی

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ 2024 کے الیکشن میں قوم نے اپنے ووٹ کی طاقت کو پہچانتے ہوئے اپنے شعور کے مطابق فیصلے کیے ہیں جو کہ قابل تحسین ہیں مگر از حد افسوس کہ نام نہاد سیاسی رہنما آج بھی اپنی منزل کا تعین (بقیہ نمبر 25)

این اے 64 گجرات، پوسٹل ووٹ کی گنتی میں آزاد امیدوار قیصرہ الٰہی کامیاب

گجرات (این این آئی) این اے 64 گجرات سے پوسٹل ووٹ کی گنتی میں آزاد امیدوارہ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی اہلیہ (بقیہ نمبر 52)

لاہور، سپیکر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر چوہدری لطیف اکبر پارٹی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

نواز شریف، حمزہ شہباز کی انتخابی کامیابی کیخلاف درخواستیں مسترد

نواز شریف کو مبینہ طور پر دھاندلی کے ساتھ کامیاب کروایا گیا، 14 امیدواروں کو صفر ووٹ ملے‘ درخواست گزار کا مؤقف

انتخابات کے تمام معاملات کا پہلا فورم الیکشن کمیشن ہے، درخواست گزار الیکشن کمیشن سے رجوع کرے‘ لاہور ہائی کورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے نواز شریف، حمزہ شہباز سمیت متعدد امیدواروں کی انتخابات میں کامیابی کیخلاف درخواستیں مسترد کرتے ہوئے درخواست گزاروں کو الیکشن کمیشن سے رجوع کرنے کی ہدایت کردی۔ ہائیکورٹ میں امیدوار سلیم صادق کی پی پی 191 کے ووٹوں (بقیہ نمبر 1)

انتخابات کے بعد درپیش مسائل کو قانونی طریقے سے حل کیا جائے، انتونیو گوتریس

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے پاکستان کو انتخابات کے بعد درپیش مسائل کو قانونی طریقے سے حل کرنے پر زور دیا ہے۔ گزشتہ روز اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل نے پاکستانی حکام سے ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

بلاول کس منہ سے مسلم لیگ ن کے ساتھ اتحاد کریں گے، شاہ محمود قریشی

ہمارے جیتے ہوئے الیکشن نہیں مان رہے، درخواست ہے عوام کا مینڈیٹ چوری نہ کریں، غیر رسمی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بلاول کس منہ سے مسلم لیگ ن کے ساتھ اتحاد کریں گے۔ اڈیالہ جیل میں میڈیا سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ جو جماعتیں پی ٹی آئی کو توڑ کر بنائی گئیں ان کے لیے شرمندگی ہے۔ (بقیہ نمبر 2)

مندر، گوردوارے اقلیتوں کی جائیداد، زمینیں ہتھیانے کیلئے حقائق چھپائے جا رہے، چیف جسٹس

انگریز کا دور ختم ہو چکا ہے اب سر سر نہ کیا کریں، غلامی کی زنجیریں توڑ دیں، سچ عوام کے سامنے آنے سے کیوں روکا جا رہا ہے؟ کیس کی سماعت کے دوران جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

یہ مخصوص اقلیتوں‘ عوام کی پراپرٹی ہے، تمام گوردواروں کی تفصیلات اور تصاویر ویب سائٹ پر کیوں نہیں ڈالتے؟ پہلے عدالت پر چڑھائی کر دو پھر جج کو سوال بھی نہ پوچھنے دو‘ ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے اقلیتوں کے حقوق سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیئے ہیں کہ ملک بھر میں موجود مندر اور گردوارے مخصوص اقلیتوں اور عوام کی پراپرٹی ہیں، ساری زمینیں ہتھیائی جاتی ہیں، اس لیے حقائق چھپائے جا رہے ہیں۔ سپریم کورٹ میں اقلیتوں کے حقوق سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس فائز عیسیٰ اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے وکیل اکرام چوہدری میں تلخ کلامی ہوئی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے استفسار کیا کہ ملک بھر میں کتنے گوردوارے ہیں؟ جس پر وکیل اکرام چوہدری نے جواب دیا کہ موجودہ مقدمہ 6 گوردواروں کا ہے، ملک بھر کی تفصیل گزشتہ سماعتوں میں جمع کرا چکے ہیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سوال اٹھایا کہ آپ حقائق کیوں چھپانا چاہتے ہیں؟ سچ عوام کے سامنے آنے سے کیوں (بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی کا وفاق اور پنجاب میں ایم ڈبلیو ایم سے مل کر حکومت بنانے کا اعلان

خیبر پختونخوا میں ہم حکومت بنانے جا رہے ہیں، علی امین گنڈا پور کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نامزد کیا، عوام نے جو مینڈیٹ دیا ہے اس کے مطابق حکومت بنانے دی جائے

بانی پی ٹی آئی نے مرکز اور پنجاب میں ایم ڈبلیو ایم سے اتحاد کی منظوری دی ہے، پیپلز پارٹی، ن لیگ اور ایم کیو ایم کو چھوڑ کر باقی جماعتوں سے بات چیت ہوگی‘ ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے وفاق اور پنجاب میں مجلس وحدت مسلمین کے ساتھ مل کر حکومت بنانے کا اعلان کر دیا۔ ترجمان پی ٹی آئی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے مرکز اور پنجاب میں ایم ڈبلیو ایم سے اتحاد کی منظوری دی ہے، پیپلز پارٹی، ن لیگ اور ایم کیو ایم کو چھوڑ کر باقی جماعتوں سے بات چیت ہوگی۔ پی ٹی آئی کے ترجمان نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ہم حکومت بنانے جا رہے ہیں، علی امین گنڈا پور کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نامزد کیا ہے، عوام نے جو مینڈیٹ دیا ہے اس کے مطابق حکومت بنانے دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں جماعت اسلامی کے ساتھ اتحاد کریں گے، ترجمان نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی الیکشن کے حوالے سے کہا ہے جتنی جلدی ہو سکے کرالیں۔

لاہور، چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی اور سی ای او لاہور قلندر عاطف رانا پی ایس ایل سیزن 9 کی ٹرافی کی رونمائی کر رہے ہیں

لاپتا افراد بازیابی کیس، نگران وزیراعظم آئندہ سماعت پر طلب

ڈی جی آئی ایس آئی، ایم آئی کو طلب کرنے کا بھی عندیہ‘ ابھی نگراں وزیراعظم کو طلب کرتا ہوں، پھر منتخب وزیراعظم کو بھی طلب کروں گا، جسٹس محسن اختر

اغوا برائے تاوان کی سزا موت ہے، جو لوگ بھی اس کام میں ملوث ہیں ان کو پھانسی ہونی چاہیے، ریمارکس‘ مزید سماعت 19 فروری تک ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے لاپتا افراد کی بازیابی سے متعلق کیس کی آئندہ سماعت پر نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کو طلب کرلیا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کیس کی سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے ایمان مزاری ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئیں۔ اسسٹنٹ اٹارنی جنرل عثمان گھمن نے عدالت کو آگاہ کیا کہ 12 میں سے مزید ایک طالب علم بازیاب ہو گیا ہے۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 23)

نواز شریف بانی اور پارٹی کیلئے مبارکباد کہہ دیں تو بڑی بات ہوگی‘ ولید اقبال

قائد ایوان کیلئے اپنا امیدوار کھڑا کریں گے، دباؤ کا مقابلہ کرنے کیلئے حکمت عملی وقت پر سامنے لائیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ولید اقبال نے کہا ہے کہ نواز شریف ایک بار بانی اور پارٹی کے لیے مبارکباد کہہ دیں تو بڑی بات ہوگی۔ انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مبارکباد کی بات علامتی طور پر بڑی بات ہو سکتی ہے، ایک ہی تجربہ بار بار کرنا (بقیہ نمبر 21)

مظفر آباد، چیف جسٹس آزاد کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم سے چیئرمین احتساب بیورو مشتاق احمد ملاقات کر رہے ہیں

ڈی آر او، آر او نے عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا، تیمور سلیم جھگڑا

مکمل نتائج کی تیاری کے دوران ہمارے پولنگ ایجنٹس کو اجازت نہیں دی گئی، خط میں متن

پشاور (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی تیمور سلیم جھگڑا نے الیکشن کمیشن کو خط لکھ کر کہا ہے کہ ڈی آر او، آر او نے عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا ہے۔ تیمور سلیم جھگڑا نے خط کے متن میں کہا کہ ن لیگ کے امیدوار نے ہوائی فائرنگ کر کے ووٹر کو دھمکانے کی کوشش کی۔ انہوں نے خط میں (بقیہ نمبر 20)

سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی فراڈ کیس میں ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی فراڈ کیس میں ضمانت منظور (بقیہ نمبر 22)

پشاور اور سبی کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) وزارت قومی صحت کے ترجمان نے کہا ہے کہ پشاور اور سبی کے 2 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق (بقیہ نمبر 19)

جماعت اسلامی، آزاد امیدوار کا انتخابی نتائج کیخلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں انتخابی نتائج کے خلاف امیدواروں کی جانب سے مزید درخواستیں دائر کر دی گئی ہیں۔ (بقیہ نمبر 18)

ابصار عالم پر حملے، اسد طور پر تشدد میں بیرون ملک مقیم 2 پاکستانیوں کے ملوث ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) سینئر صحافی اور پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کے سابق چیئرمین ابصار عالم پر حملے اور صحافی اسد طور پر تشدد میں فرانس میں (بقیہ نمبر 17)

الخدمت فاؤنڈیشن کے تحت غزہ متاثرین کیلئے مزید 105 ٹن امدادی سامان مشتمل چھٹی کھیپ مصر پہنچا دی گئی

عمران خان مجرم نہیں، صدر رہائی کے احکامات جاری کریں، لطیف کھوسہ

شکست تسلیم کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہونی چاہیے، ہم سب سے بڑی جماعت کے طور سامنے آئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ عوام نے فیصلہ سنا دیا ہے کہ عمران خان کوئی مجرم نہیں ہے، صدر پاکستان فی الفور عمران خان کو رہائی کے احکامات جاری کریں۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 5)

اسد قیصر نے بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کی درخواست دائر کردی

عوام نے ہمیں سلیکٹ کیا ہے کوشش ہوگی عوام کی توقعات پر پورا اتریں‘ میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے بانی پی ٹی آئی سے جیل میں ملاقات کی درخواست اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کردی۔ اسد قیصر نے درخواست (بقیہ نمبر 6)

رفح میں اسرائیلی بمباری اور جارحیت قابل افسوس ہے، وزیر خارجہ

پاکستان معصوم فلسطینیوں کیخلاف تشدد کی کارروائیوں کی مذمت کرتا ہے، جلیل عباس جیلانی

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان معصوم فلسطینیوں کے خلاف تشدد کی کارروائیوں کی مذمت کرتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جلیل (بقیہ نمبر 7)

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ شہید کیپٹن (ر) سید احمد مبین کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں

عمران ریاض کا نام ای سی ایل سے نکالنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس

عمران ریاض پر کوئی ایف آئی آر نہیں، ای سی ایل میں نام ڈالنا آئین کی خلاف ورزی ہے‘ درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سینئر اینکر اور صحافی عمران ریاض کا نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) سے نکالنے کی درخواست پر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 15 (بقیہ نمبر 16)

توقعات سے بہت کم نشستیں ملنے کا افسوس ہے‘ مصدق ملک

بد قسمتی سے کسی کو واضح مینڈیٹ نہیں ملا، خواہش اور کوشش تھی کسی ایک پارٹی کو واضح مینڈیٹ ملے

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما مصدق ملک نے کہا ہے کہ ہماری (بقیہ نمبر 15)

این اے 65، انتخابی نتائج سے متعلق کیس‘ 20 فروری کو رپورٹ طلب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے این اے 65 میں انتخابی نتائج سے متعلق کیس میں 20 فروری کو ریٹرننگ افسر (بقیہ نمبر 56)

مہمند، سجاد غنی تعمیراتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

جو بھی بانی پی ٹی آئی کا ساتھ چھوڑے گا ان کا یہی حال ہوگا، شیر افضل مروت

ہمیں کسی پر عدم اعتماد نہیں، سارے امیدوار پارٹی کے ساتھ ہیں، جنہوں نے چھوڑنا تھا وہ چھوڑ چکے

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ جو بھی بانی پی ٹی آئی کا ساتھ چھوڑے گا ان کا یہی حال ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے (بقیہ نمبر 14)

ہائیکورٹ، حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتاری سے روک دیا

عدالت عالیہ کا حکم نامے کی کاپی آئی جی سندھ اور جیل سپرنٹنڈنٹ کو ارسال کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حلیم عادل شیخ کو مزید مقدمات میں گرفتار کرنے سے روک دیا ہے۔ منگل کو سندھ ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 13)

لاہور، ن لیگ کے صدر شہباز شریف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

این اے 48، ن لیگی امیدوار راجہ خرم کی کامیابی کا نوٹیفکیشن چیلنج

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے آزاد امیدوار علی بخاری نے این (بقیہ نمبر 3)

گزشتہ مالی سال بجلی معطلی سے صارفین پر ایک ارب 25 کروڑ روپے کا بوجھ پڑا

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ ایک سال کے دوران بجلی معطل ہونے کے (بقیہ نمبر 4)

پاکستانی عوام کی منتخب حکومت کیساتھ کام کرینگے، امریکا

واضح طور پر ایک مسابقتی الیکشن تھا، لوگوں نے اپنی پسند کے حق کا استعمال کیا‘ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کو دیکھنا چاہتے ہیں، بیان

ہم جمہوری عمل کا احترام بھی کرتے ہیں‘ آزادانہ تحقیقات کے لئے پاکستان کا قانونی نظام ہی پہلا مناسب قدم ہوگا‘ ترجمان میتھیو ملر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان میتھیو ملر نے کہا ہے کہ اس حکومت کے ساتھ مل کر کام کریں گے جسے پاکستانی عوام نے منتخب کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن میں پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ واضح طور پر ایک مسابقتی الیکشن تھا، لوگوں نے اپنی پسند کے حق کا استعمال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کو دیکھنا چاہتے ہیں لیکن ہم جمہوری عمل کا احترام بھی کرتے ہیں۔ میتھیو ملر نے مزید کہا (بقیہ نمبر 8)

عدالت نے ایف آئی اے کو علیمہ خان کو ہراساں کرنے سے روک دیا

ایف آئی اے علیمہ خان کیخلاف کوئی تادیبی کارروائی بھی نہ کرے، اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو بانی پاکستان تحریک انصاف کی ہمشیرہ علیمہ خان کو ہراساں کرنے سے (بقیہ نمبر 9)

سابق پاکستانی سفارتکار کی جانب سے چینی قوم کو چینی نئے سال کی مبارکباد

بیجنگ (این این آئی) چین میں پاکستان کے سابق سفیر مسعود خالد نے کہا ہے (بقیہ نمبر 10)

ن لیگ نے 20 سے کم سیٹیں جیتی دھاندلی سے جتوایا گیا‘ مسرت چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ (بقیہ نمبر 11)

کندھکوٹ: عام انتخابات میں مبینہ دھاندلی کیخلاف جے یو آئی کے کارکنان کا احتجاج

کشمور (این این آئی) سندھ کے ضلع کشمور کی تحصیل کندھ کوٹ میں عام انتخابات (بقیہ نمبر 55)

راولپنڈی، پاکستان ایکس سروس مین سوسائٹی کے صدر جنرل (ر) عبدالقیوم ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب کابینہ نے طلبہ کو بلاسود الیکٹرک بائیکس دینے کی منظوری دیدی

طلبا و طالبات کو پنجاب بینک کے تعاون سے 10 ہزار الیکٹرک بائیکس بلاسود آسان شرائط پر دی جائیں گی‘ وزیر اعلیٰ محسن نقوی

اجلاس میں پنجاب چیریٹیز کمیشن کی ایپلٹ کمیٹی کی تشکیل، بزنس فیسلیٹیشن سنٹرز کیلئے فنڈز کے اجرا کی منظوری بھی دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے طلبا و طالبات کو آسان شرائط پر بلاسود الیکٹرک بائیکس دینے کی منظوری دے دی۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 40 واں اجلاس ہوا جس میں صوبائی وزرا، مشیران، چیف سیکرٹری، ایڈووکیٹ جنرل پنجاب، انسپکٹر جنرل پولیس، چیئرمین پی اینڈ ڈی بورڈ، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز شریک ہوئے۔ اجلاس میں 8 فروری کے عام انتخابات (بقیہ نمبر 12)

نارووال، ریسکیو اہلکار ٹریفک حادثے کے بعد کمسن بچے کو ابتدائی طبی امداد فراہم کر رہا ہے

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

مریم نواز، حمزہ شہباز سمیت دیگر کی کامیابی کے خلاف درخواستوں پر سماعت

لاہور ہائیکورٹ نے مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم نواز، حمزہ شہباز سمیت دیگر کی کامیابی کے خلاف درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے مقدمات متعلقہ فورم پر چیلنج کرنے کا حکم دے دیا، دوران سماعت مریم نواز پر طنز کرنے پر آفتاب باجوہ اور اعظم نذیر تارڑ کے درمیان تلخ کلامی ہوئی، جس پر عدالت نے وکلا کی تلخ کلامی پر اظہار ناراضگی کیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر مریم نواز، لیگی رہنما خواجہ آصف، حمزہ شہباز سمیت دیگر امیدواروں کی الیکشن میں کامیابی کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت کمرہ عدالت میں درخواست گزار پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار شہزاد فاروق کے وکیل آفتاب باجوہ اور الیکشن کمیشن کے وکیل اعظم نذیر تارڑ کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ آفتاب باجوہ نے کہا کہ ہم نے مہارانی مریم نواز کے خلاف الیکشن لڑا، اس لیے انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، جس پر جسٹس علی باقر نجفی نے ان کو ٹوکا کہ آپ ایسے الفاظ استعمال کریں گے تو میں کیس نہیں سنوں گا۔ اعظم نذیر تارڑ نے درخواست گزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ ادب سے بات کریں جس پر وکیل نے ان کو جواب دیا کہ آپ کون ہوتے ہیں مجھے بات کرنے سے روکنے والے، میں نے مہارانی کہا نوکرانی نہیں کہا، آپ کو جب نوٹس نہیں ہوئے تو کیا لینے آئے ہیں۔ عدالت نے وکلاء کی تلخ کلامی پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اعظم نذیر تارڑ بھی وکیل ہے، آپ تحمل کا مظاہرہ کریں۔ جسٹس علی باقر نجفی نے کہا کہ میں کسی بار کونسل کے نمائندے کے خلاف یہاں بات نہیں سنوں گا۔ لاہور ہائیکورٹ نے آفتاب باجوہ کو درخواست پر دلائل دینے کی ہدایت کردی۔ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار شہزاد فاروق کے وکیل آفتاب باجوہ نے کہا کہ ہمارے خلاف اس لیے مقدمہ درج کر دیا گیا کہ مریم نواز کے خلاف الیکشن کیوں لڑا۔ ایڈووکیٹ آفتاب باجوہ نے عدالت میں شہزاد فاروق پر درج مقدمات کی تفصیلات پیش کردیں جبکہ عدالت نے مقدمات متعلقہ فورم پر چیلنج کرنے کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن کے وکیل اعظم نذیر تارڑ نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم پروسیجر کو فالو نہیں کرتے، قانون میں تمام چیزیں موجود ہیں، سلمان اکرم راجہ کے کیس میں آر او آفس میں 500 لوگ آمنے سامنے آ گئے تھے۔ جس پر سلمان اکرم راجہ کے وکیل نے کہا کہ یہ غلط بیانی مت کریں ایسا کچھ نہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ الیکشن کے بعد آر او آفس میں ایک ہنگامہ انگیز صورتحال ہوتی ہے، اسی وجہ سے الیکشن قوانین ترمیم کرکہ کچھ قوانین میں تبدیلی کی گئی، ہمیں الیکشن کمیشن کو کچھ عزت دینی کی ضرورت ہے، یہ درخواستیں ابھی قابل سماعت نہیں ہے۔ الیکشن کمیشن کے وکیل نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کے ممبران کو پارلیمان منتخب کرتی ہے، جو درخواست پہلے آئے گی وہ پہلے سنیں گی،

تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں پے درپے وارداتیں، اے ٹی ایم لوٹنے کوشش ناکام ہونے پر چار ملزمان فرار

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار) تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں پے درپے وارداتیں، اے ٹی ایم لوٹنے کوشش ناکام ہونے پر چار ملزمان فرار، دوراہزن شہری سے موٹر سائیکل اور قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں راہزنی اور چوری کی بڑھتی وارداتوں سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں گزشتہ شب چار ملزمان نے اڈہ گڑھی گوندل پر واقع یو بی ایل بینک کی اے ٹی ایم کاٹ کر رقم نکالنے کی کوشش کی لیکن ناکام ہونے پر واپس لوٹ گئے۔ جبکہ دوسری واردات میں تھانہ ہیڈ مرالہ کے علاقہ سرہالی سٹاپ کے قریب رات آٹھ بجے بلانمبری موٹر سائیکل سوار دوراہزنوں نے گوندل کے رہائشی رانا محمد اسد سے اپلائیڈ فار ہنڈا سی ڈی موٹر سائیکل، دولاکھ مالیتی لیپ ٹاپ، موبائل فون اور اصل اسناد لوٹ لیں پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ شہریوں نے آر پی او گوجرانوالا اور ڈی پی او سیالکوٹ سے علاقہ میں بڑھتی ہوئی وارداتوں پر نوٹس لیکر تھانہ ہیڈ مرالہ میں نفری اور گشت بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے

تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں پے درپے وارداتیں، اے ٹی ایم لوٹنے کوشش ناکام ہونے پر چار ملزمان فرار

ہیڈ مرالہ) نامہ نگار) تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں پے درپے وارداتیں، اے ٹی ایم لوٹنے کوشش ناکام ہونے پر چار ملزمان فرار، دوراہزن شہری سے موٹر سائیکل اور قیمتی سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ تھانہ ہیڈ مرالہ کی حدود میں راہزنی اور چوری کی بڑھتی وارداتوں سے شہری عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں گزشتہ شب چار ملزمان نے اڈہ گڑھی گوندل پر واقع یو بی ایل بینک کی اے ٹی ایم کاٹ کر رقم نکالنے کی کوشش کی لیکن ناکام ہونے پر واپس لوٹ گئے۔ جبکہ دوسری واردات میں تھانہ ہیڈ مرالہ کے علاقہ سرہالی سٹاپ کے قریب رات آٹھ بجے بلانمبری موٹر سائیکل سوار دوراہزنوں نے گوندل کے رہائشی رانا محمد اسد سے اپلائیڈ فار ہنڈا سی ڈی موٹر سائیکل، دولاکھ مالیتی لیپ ٹاپ، موبائل فون اور اصل اسناد لوٹ لیں پولیس تھانہ ہیڈ مرالہ نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ شہریوں نے آر پی او گوجرانوالا اور ڈی پی او سیالکوٹ سے علاقہ میں بڑھتی ہوئی وارداتوں پر نوٹس لیکر تھانہ ہیڈ مرالہ میں نفری اور گشت بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے

بہاولنگر میں پانچ سال تک کی عمر کے 5 لاکھ 92 ہزار 575 بچوں کو پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر حفاظتی ویکسین کے قطرے پلائیں گی

چشتیاں) چوہدری عثمان) ڈپٹی کمشنر بہاولنگر ذوالفقار احمد نے کہا ہے کہ 26 فروری سے 28 فروری انسداد پولیو مہم کے دوران ضلع کی پانچ تحصیلوں چشتیاں، ہارون آباد، فورٹ عباس، منچن آباد، بہاولنگر میں پانچ سال تک کی عمر کے 5 لاکھ 92 ہزار 575 بچوں کو پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر حفاظتی ویکسین کے قطرے پلائیں گی جبکہ کیچ اپ ایکٹویٹی 29 فروری اور یکم مارچ تک کی جائے گی۔ انہوں نے اپنے دفتر میں پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ پاکستان کو پولیو فری بنانے کے لیے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی، والدین اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو سے بچا کی حفاظتی ویکسین پلوائیں اور 26 فروری سے 28 فروری کے دوران انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلع بہاول نگر بھر میں پولیو کی حفاظتی ویکسین پلانے کے لیے مجموعی طور پر 2786 ٹیمیں فرائض سرانجام دیں گی جن میں 136 فکس، 2562 موبائل اور 88 ٹرانزٹ ٹیمیں شامل ہیں۔ اجلاس میں سی ای او ہیلتھ بہاولنگر، ڈی ایچ او، پی ایس محکمہ صحت کیا فسران، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ اور دیگر محکموں کے افسران موجود تھے۔

ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون جاری

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون جاری۔ تھانہ صدر سانگلہ ہل پولیس کی ایس ایچ او مجاہد عباس کی سربراہی میں بڑی کاروائی۔ علاقہ بھر میں خوف کی علامت سرگرم ڈکیت گینگ کا سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق وکرم ڈکیت گینگ تھانہ صدر سانگلہ ہل اور گرد و نواح میں سرگرم تھا۔ پولیس ٹیم سانگلہ ہل نے ملزمان کو پیشہ وارانہ مہارت سے سراغ لگا کر گرفتار کیا۔ ملزمان وکرم، وقاص اور غلام عباس کے قبضہ سے مختلف وارداتوں میں چھینی 2 لاکھ روپے کی نقدی، دو موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا ہے۔ ملزمان سے راہزنی اور چوری سمیت 18 وارداتوں کا سراغ بھی لگا لیا گیا جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او ننکانہ صاعد عزیز نے ایس ایچ او مجاہد عباس ملہی اور ہمراہی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا ہے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کا عمل بلا امتیاز جاری ہے۔ عوامی جان و مال کا تحفظ اور سماجی خدمت اولین ترجیح ہے۔

لڑائی جھگڑے کے چار مختلف واقعات میں 29 ملزمان کا چچا بھتیجے سمیت پانچ افراد پر تشدد

ڈسکہ) محمد بلال سے) لڑائی جھگڑے کے چار مختلف واقعات میں 29 ملزمان کا چچا بھتیجے سمیت پانچ افراد پر تشدد منڈیکی گورائیہ کا طاہر اپنے گھر میں موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان حمزہ، حسین، فیصل اور آٹھ نامعلوم آ گئے اور آتے ہی اس کو تشدد کر کے زخمی کر دیا

انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کے جائزہ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ / وزیر آباد فیاض احمد موہل کے زیر صدارت اجلاس ہوا

GUJRANWALA DISTRICT

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) انسدادِ پولیو مہم کی تیاریوں کے جائزہ کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ / وزیر آباد فیاض احمد موہل کے زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں مائیکرو پلان انسداد پولیو ٹیموں کی ٹریننگ، ٹرانزٹ پوائنٹس کے قیام، فنگر مارکنگ، ڈور مارکنگ، آگاہی مواد آویزاں کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ / وزیر آباد فیاض احمد موہل نے کہا ہے کہ رواں سال کی ہونے والی دوسری پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کو ہر صورت کامیاب بنائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ 5 سال سے کم عمر کوئی بچہ پولیو بچا و ویکسین پینے سے محروم نہ رہے ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف کے نمائندہ افسران ماسٹر ٹرینرز کی ٹریننگ اچھے طریقے سے کروائی جائے تاکہ مائیکرو پلان کے مطابق ہر گھر ہر بچے تک ٹیمیں پہنچ سکیں اس انسداد پولیو مہم کے دوران 9 لاکھ 82 ہزار 184 سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہیان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) جنرل (شبیر حسین بٹ، اسسٹنٹ کمشنرز) سٹی (وقاص سکندری)صدر (میاں توصیف حسن،) کاموںکی (خرم مختار بھنگو)نوشہرہ ورکاں (محمد نوید حیدر) وزیر آباد (محمد سلیم آسی نے بذریعہ ویڈیو لنک اور ڈی ایچ او وفوکل پرسن برائے وبائی امراض ڈاکٹر معیز، نمائندہ ڈبلیو ایچ او، نمائندہ یونیسیف، ڈی ڈی ایچ اوز) ہیلتھ (تحصیل ہیلتھ افسران کے علاوہ دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھےتفصیلات کے مطابق رواں سال کی دوسری پولیو خاتمے کی قومی مہم کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے 3825 موبائل ٹیمز، 161 فکسڈ ٹیمز، 73 ٹرانزٹ ٹیمز تشکیل دی گئی ہیں جو مراکز صحت گھروں، ریلوے اسٹیشن اور لاری اڈوں ویگن اسٹینڈز وغیرہ پر ذمہ داریاں سرانجام دیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے خصوصی طور پر ہدایت کی کہ مائیکرو پلان ٹیموں کی مانیٹرنگ کے لیے حکمت عملی تیار کی جائے۔ خانہ بدوش بستیوں ہائی رسک یونین کونسلوں میں خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسنگ چلڈرن اسی روز کور کئے جائیں اور زیرو ڈوز بچوں پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ پولیو کے خاتمے کو جلد یقینی بنایا جاسکے اور وائرس کو مزید پھیلنے سے روکا جاسکےڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل نے کہا کہ پولیو مرض کا جلد خاتمہ قومی مفاد میں ہے اور بچوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے لازم ہے انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران پیش آنے والے تمام مسائل کو فی الفور دور کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ مہم میں کسی قسم کی غفلت و کوتاہی نہ برتی جائے۔ دنیا بھر پولیو کا مرض تقریبا ختم ہو چکا ہے، غفلت کوتاہی کوئی گنجائش نہیں، اچھا کام کرنے والوں کو دفتر میں بلا کر تعریفی اسناد دی جائیں گی اور غفلت کا مظاہرہ کرنے والوں کا کڑا محاسبہ کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران جو بچے شہر سے باہر گئے ہیں انکا ریکارڈ مستقل رجسٹر میں درج اور ان کا فولو اپ لیا جائے، دوران سفر یا اور کسی بھی وجہ سے پولیو کے قطرے پینے سے محروم رہ جانے والے ایسے بچوں کی نشاندی کریں اور انہیں سو فیصد کور کریں۔ انہوں نے والدین سے بھی اپیل کی کہ وہ 5 سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ بچے عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رہ سکیں۔ انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام ٹیموں کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کوئی علاقہ ایسا نہ رہے جہاں پولیو ٹیم نہ پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو معذوری سے بچانے اور صحت و تندرستی کے لیے معزز شہری بھی اس مہم کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کریں محکمہ صحت کی پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں۔ اسسٹنٹ کمشنرز اور محکمہ صحت کی ٹیمیں مانیٹرنگ کو روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ صحت کے افسران اپنے مائکرو پلان کا از سر نو جائزہ لیں اور اس میں جو بھی کمی بیشی ہوا سے دور کیا جائے

مخلوق خدا کی بے لوث خدمت میں مصروف افراد اور ادارے قابل تقلید ہیں

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) مخلوق خدا کی بے لوث خدمت میں مصروف افراد اور ادارے قابل تقلید ہیں ماڈل بازار پیپلز کالونی میں جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب سے شہریوں کو پینے کیلئے صحت افزا پانی میسر آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار مدرسہ نصرت العلوم کے پرنسپل قاری شعبان القادری نے ماڈل بازار پیپلز کالونی میں ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن منور حسین کے بھائی مصور حسین اور ان کے والدین کے ایصال ثواب کیلئے لگائے گئے واٹر فلٹریشن پلانٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انفارمیشن افتخار علی شاہ ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن منور حسین ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد عدنان تحصیل پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد وقار سینئر سپروائزر محمد قاسم و دیگر معززین بھی موجود تھے قاری شعبان القادری نے مزید کہا کہ اپنے پیاروں کے ایصال ثواب کیلئے مخلوق خدا کو صاف پانی کی فراہمی صحابہ کرام کی سنت ہے حضرت سعد کی طرف سے اپنی والدہ کے ایصال ثواب کیلئے صاف پانی کا کنواں وقف کیا گیا تو نبی اکرم ﷺ نے اس پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی ڈپٹی ڈائریکٹر منور حسین کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور اس کے صدقے ان کے بھائی اور والدین کیلئے بخشش کا سامان پیدا کرے

ضلع ننکانہ میں پولیو مہم 26 فروری سے یکم مارچ تک جاری رہے گی،

ننکانہ صاحب( )۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر صدارت 26 فروری سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے انتظامات بارے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ ڈاکٹر اظہر امین، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن احسن فرید، ریسکیو 1122، میونسپل کمیٹیز سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر امین نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع ننکانہ صاحب میں پولیو مہم کا آغاز 26 فروری کو کیا جائے گا جبکہ پولیو مہم یکم مارچ تک جاری رہے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران 02 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے پولیو مہم کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع ننکانہ میں مجموعی طور پر 1198 ٹیمیں پولیو کے قطرے پلانے کا قومی فریضہ سرانجام دیں گی، انہوں نے بتایا کہ 1096 موبائل، 72 فکسڈ اور 30 ٹرانزٹ ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے سی او ہیلتھ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیو ٹیموں کی ٹریننگ یونین کونسلز کی سطح پر جلد از جلد کروائی جائیں تاکہ پولیو مہم کے دوران کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہ آئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پولیو ٹیموں کی کڑی مانیٹرنگ کی جائے گی جبکہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کو ایمانداری اور جانفشانی سے ڈیوٹی سرانجام دینا ہوگی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیو مہم میں والدین اور اساتذہ کا پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔

کمالیہ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار آئے روز حادثات معمول بن گئے بائی پاس سے ملحقہ لنک سڑکوں پر سپیڈ بریکر قائم کیے جائیں شہریوں کا مطالبہ

کمالیہ) نامہ نگار(کمالیہ بائی پاس ٹوٹ پھوٹ کا شکار آئے روز حادثات معمول بن گئے بائی پاس سے ملحقہ لنک سڑکوں پر سپیڈ بریکر قائم کیے جائیں شہریوں کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق کمالیہ بائی پاس جو کہ عرصہ دراز سے جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور اس میں گہرے گڈھے پڑے ہوئے ہیں جس سے حادثات معمول بن چکے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ بائی پاس کے ساتھ جو ملحقہ سڑکیں ہیں ان پر سپیڈ بریکر نہ ہونے کی وجہ سے جب شہری تیز رفتاری کے ساتھ بائی پاس پر آتے ہیں تو سامنے سے آنے والی گاڑی کے ساتھ اکثر اوقات حادثات رونما ہو جاتے ہیں شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار کمالیہ بائی پاس روڈ کی مرمت کروائی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کے ساتھ جو ملحقہ لنک سڑکیں ہیں ان پر بھی سپیڈ بریکر قائم کیے جائیں تاکہ شہری بائی پاس پر آہستہ رفتار کے ساتھ آسکیں اور حادثات میں بھی کمی واقع ہوسکے

حکومت کس کی ہوگی کون اقتدار میں آئے گا کون حکومت بنائے گا کمالیہ کے سیاسی حلقوں تاجروں اور عام شہریوں میں ایک ہی سوال تمام دن یہی موضوع بحث بنا رہتا ہے

کمالیہ) نامہ نگار) حکومت کس کی ہوگی کون اقتدار میں آئے گا کون حکومت بنائے گا کمالیہ کے سیاسی حلقوں تاجروں اور عام شہریوں میں ایک ہی سوال تمام دن یہی موضوع بحث بنا رہتا ہے۔ تفصیل کے مطابق آٹھ فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے بعد اب اگلا مرحلہ قومی اور صوبائی حکومتیں بنائے جانے کا ہے اس سلسلہ میں جوڑ توڑ کا سلسلہ بھی جاری ہے کمالیہ کے سیاسی ڈیروں تاجر برادری اور عام شہریوں میں دن بھر ایک ہی سوال دیکھنے کو مل رہا ہے کہ حکومت کون سی جماعت بنائے گی تمام سیاسی سرگرمیاں اس وقت رکی ہوئی ہیں اور سب کی نظریں تمام دن ٹی وی چینلز پر ہی رہتی ہے کہ ملک کی سیاست میں کیا ہونے جا رہا ہے کمالیہ کے شہریوں کے ذہنوں میں ایک ہی سوال ہے کہ حکومت کون بنائے گا تاہم جو پاکستان پیپلز پارٹی پاکستان مسلم لیگ ن اور پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان پر امید ہے کہ ان کی پارٹی ہی حکومت بنائے گی اور ہم اقتدار میں آئیں گے اور اقتدار میں آ کر عوام کے مسائل حل کروائیں گے یہ تو اب کچھ دن ہی باقی ہے جس میں یہ فیصلہ ہو جائے گا کہ اقتدار کون سی پارٹی کے ہاتھ میں آتا ہے

انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے وفد کی نومنتخب ایم۔این۔اے PML-N ڈاکٹر شزرہ منصب علی خان سے ملاقات

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے وفد کی نو منتخب ایم۔این۔اے PML-N ڈاکٹر شزرہ منصب علی خان سے ملاقات۔ عام انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی تفصیلات کے مطابق انصاری متحدہ موومنٹ کے وفد نے ننکانہ صاحب کے حلقہ NA-112 میں ڈاکٹر شزرہ منصب علی خان PML-N کو کامیابی پر مبارکباد باد پیش کی۔ وفد میں انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے صدر مظہر قیوم انصاری، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شوکت علی انصاری، سیکرٹری انفارمیشن مشتاق احمد انصاری اور دیگر اکابرین شامل تھے۔ وفد نے نومنتخب ایم این اے کو پھولوں کے گلدستے اور ہار پہنائے

بعدالت جناب ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب

درخواست تقسیم جائیداد زرعی اراضی

عنوان مقدمہ: رمضان وغیرہ بنام رانا عبدالغفار وغیرہ

اشتہار بنام: رانا عبدالغفار ولد محمد بشیر، رانا تصور علی ولد احسان الحق، محمد مشتاق ولد محمد بشیر، محمد عظیم اللہ ولد حبیب اللہ، کنیز فاطمہ دختر حبیب اللہ، عبدالخالق ولد احسان الحق، صائمہ بی بی دختر محمد اختر رانا، نظام دین ولد محمد بخش، رانا شہزاد دانش، رانا شہریار اکبر، رانا شہروز اکبر پسران رانا محمد اکبر، نجمہ بی بی بیوہ رانا محمد اکبر، اظہر عباس، اکرام اللہ، ظفر اقبال پسران اللہ دتہ، محمد منور رانا، خالد محمود، رانا تصور علی، عبدالخالق پسران احسان الحق اقوام راجپوت ساکنان موضع کھکھ تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب، متوفی ولید او ولد اللہ بخش، متوفی محمد اکبر ولد حبیب اللہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر مورخہ 14-02-2024 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب قمر زمان تارڑ صاحب سول جج سیالکوٹ

مرمہ دعویٰ استقرار حق

عنوان عادل وغیرہ بنام خورشید بیگم وغیرہ

اشتہار بنام 1 خورشید بیگم متوفیہ بذریعہ وارثان 2 محمود الحسن ولد نزیر احمد 3 مسماۃ ناصرہ سلطانہ دختر نزیر احمد 5 احسان اللہ ثاقب ولد نصیر احمد (پسر صغراں بیگم) 6 سعید احمد ولد نصیر احمد (پسر صغراں بیگم) 7 سیدہ بی بی دختر نصیر احمد (دختر صغراں بیگم) 8 اعجاز احمد ولد جہانگیر (پسر زہرہ بی بی) 9 سلیمہ بی بی دختر جہانگیر دختر (زہرہ بی بی) 10 سرفراز ولد عبدالطیف پسر نزیراں بی بی 11 سرائیہ دختر عبدالطیف دختر نذیراں بی بی 12 جہانگیر علی ولد بہادر خاں (پسر وزیر بی بی) 13 شہناز بی بی دختر بہادر خاں (دختر وزیر بی بی) 14 فیصل منیر 15 وقاص منیر 16 وقار منیر 17 بلال منیر 18 خرم منیر پسران منیر احمد ساکنان موضع کھچیاں، تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ 19 صوبہ پنجاب بذریعہ کلکٹر ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 17-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

عنوان بشریٰ حنیف بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار بنام 1 صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ 2 سب رجسٹرار تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 3 تحصیلدار سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 4 حلقہ پٹواری اربن سمبڑیال تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 5 محمد ناصر رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت ساکن رانا ہاؤس عثمان سٹریٹ سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 6 محمد نثار رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت رانا ہاؤس نزد نورانی مسجد سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 7 محمد عمران رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت رانا ہاؤس میانسپل کمیٹی سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 8 محمد سہیل رانا پسر محمد حنیف قوم راجپوت ساکن رانا ہاؤس میونسپل کمیٹی سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 9 ثمینہ حنیف زوجہ رانا طیب عزیز ساکن مکان نمبر D4 محلہ گورنمنٹ انجینئرنگ اکیڈمی نزد ٹھوکر نیاز بیگ کنال روڈ لاہور 10 ناصرہ عظیم دختر محمد حنیف ساکن مکان نمبر H,12 بلاک محلہ اکنیکٹ انجینئرنگ سوسائٹی نزد شوکت خانم ہسپتال لاہور 11 سمیرا رانا زوجہ عامر اخلاق دختر محمد حنیف ساکن مکان نمبر 158 سٹریٹ نمبر 07 محلہ فضائیہ ہاؤسنگ سکیم نمبر 1 بلاک ای لاہور 12 نادیہ حسین دختر محمد حنیف زوجہ حسن فرید قوم راجپوت ساکن مکان نمبر DA52 بلاک ایڈن گارڈن ایکسٹینشن لاہور 13 سروری بیگم بیوہ محمد حنیف ساکن سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 15-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب آمنہ آصف بٹ صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

عنوان بشریٰ حنیف بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار بنام 1 صوبہ پنجاب بذریعہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ 2 سب رجسٹرار تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 3 تحصیلدار سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 4 حلقہ پٹواری اربن سمبڑیال تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 5 محمد ناصر رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت ساکن رانا ہاؤس عثمان سٹریٹ سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 6 محمد نثار رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت رانا ہاؤس نزد نورانی مسجد سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 7 محمد عمران رانا ولد محمد حنیف قوم راجپوت رانا ہاؤس میانسپل کمیٹی سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 8 محمد سہیل رانا پسر محمد حنیف قوم راجپوت ساکن رانا ہاؤس میونسپل کمیٹی سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ 9 ثمینہ حنیف زوجہ رانا طیب عزیز ساکن مکان نمبر D4 محلہ گورنمنٹ انجینئرنگ اکیڈمی نزد ٹھوکر نیاز بیگ کنال روڈ لاہور 10 ناصرہ عظیم دختر محمد حنیف ساکن مکان نمبر H,12 بلاک محلہ اکنیکٹ انجینئرنگ سوسائٹی نزد شوکت خانم ہسپتال لاہور 11 سمیرا رانا زوجہ عامر اخلاق دختر محمد حنیف ساکن مکان نمبر 158 سٹریٹ نمبر 07 محلہ فضائیہ ہاؤسنگ سکیم نمبر 1 بلاک ای لاہور 12 نادیہ حسین دختر محمد حنیف زوجہ حسن فرید قوم راجپوت ساکن مکان نمبر DA52 بلاک ایڈن گارڈن ایکسٹینشن لاہور 13 سروری بیگم بیوہ محمد حنیف ساکن سرکلر روڈ سمبڑیال ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 15-02-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوئے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بعدالت جناب محسن علی صاحب سول جج درجہ اول گجرات

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

عنوان: شمائلہ احسان بیوہ، عشاء احسان، دختران و پسران احسان اللہ اکنائے محلہ دارا بہار شاہ کنجاہ تحصیل و ضلع گجرات بنام اعوام الناس

اشتہار بنام: عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اعوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 16-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب سید عدنان مہدی صاحب سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) گجرات

دعویٰ: خرچہ نان ونفقہ

عنوان: روبینہ کوثر وغیرہ بنام محمد افتخار

اشتہار بنام: محمد افتخار ولد ذوالفقار، ذوالفقار ولد کرم علی اقوام پراچہ ساکنائے چک نمبر 157 ایس بی تحصیل و ضلع سرگودھا

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 22-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب محمد امین شہزاد صاحب سینئر سول جج (سول ڈویژن) گجرات

دعویٰ: استقرار حق معہ دادرسی مستلزمہ

عنوان: ارسلان شفیق بنام ایڈمنسٹریٹر

اشتہار بنام: ایڈمنسٹریٹر، سیکرٹری یونین کونسل کڑیانوالہ تحصیل و ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 15-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب احمد ضیاء چوہدری صاحب سول جج درجہ اول گجرات

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی

عنوان: پرویز اقبال ولد خداداد سکنہ مہوٹہ کلاں تحصیل گجرات بنام اعوام الناس

اشتہار بنام: عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اعوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 14-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

بعدالت جناب زرتاشیہ نواز صاحبہ سینئر سول جج (فیملی ڈویژن) ننکانہ صاحب

دعویٰ: تنسیخ نکاح

عنوان مقدمہ: کرن شہزادی بنام محمد رمضان

اشتہار بنام: محمد رمضان ولد محمد صدیق قوم ڈایا ساکن کلمہ چوک اعوان والی گلی نزد مسجد نوری کیارہ صاحب ضلع ننکانہ صاحب۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر مورخہ 15-02-2024 بوقت 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب حاجی عبدالمجید شاہد صاحب تحصیلدار/ACI قصور

مقدمہ نمبر 72 بابت 23-10-04 درخواست برائے تقسیم کھاتہ جداگانہ نمبری 185/171 واقع موضع رائے تحصیل و ضلع قصور (عنوان: عبدالمجید وغیرہ بنام امین وغیرہ اشتہار بنام امین۔ امجد۔ پرویز۔ جاوید۔ محمد عمران پسران بشیر احمد۔ بشیر ولد ھمت خاں سکنائے رائے تحصیل و ضلع قصور۔ فجری دختر ہمت خاں سکنہ ترکھانوالی نمبر 1 ضلع قصور۔ مجیداً۔ نصیباً دختران ہمت خاں سکنائے کماہاں تحصیل کینٹ ضلع لاہور۔ محمد سرور ولد جمعے خاں۔ محمد یونس ولد عبدالمجید سکنائے رائے تحصیل و ضلع قصور۔ محمد انور پسر میدی۔ نور جہاں دختر میدی سکنہ رائے تحصیل و ضلع قصور۔ محمد یوسف خاوند انوری بی بی۔ مبین۔ محمد ارشاد۔ محمد بلال پسران محمد یوسف۔ سعدیہ۔ سونیا۔ کرن بی بی۔ ارم دختران یوسف سکنائے موضع گھوڑ تحصیل کینٹ ضلع لاہور) مسول علیہم (ہرگاہ مسؤل علیہان کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 15-02-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً بمقام قصور حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گیا ور کائی عذر قابل قبول نہ ہوگا......

بعدالت جناب عبدالحفیظ بھٹہ صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ٹوبہ ٹیک سنگھ

بابت 2023 درخواست بمراد دخلیابی بذریعہ تقسیم جداگانہ رقبہ واقع موضع بنگلہ کمبواں قصور) عنوان: عادل الیاس وغیرہ بنام آغا الیاس وغیرہ اشتہار بنام آغا لیاس ولد محمد الیاس، نصرت اقبال دختر محمد عاشق، رشید احمد ناز ولد مہر اللہ دین، محمد شریف ولد غلام محمد، غلام نبی ولد امام دین، مختار احمد ولد پلا ڈوگر، محمد اقبال ولد ریاست ڈوگر، محمد شفیع ولد محمد رمضان، مہندہ سراج، سراج پسران جیواں، عمر الدین ولد چراغ، فقیریا ولد حاصل، سمند ولد شہاب، حاکم مسیح ولد شہاب مسیح اصغر مسیح ولد نواب مسیح، مقبول ولد جلال دین، رحمت مسیح ولد چوہڑا، خادم حسین ولد محمد امین، محمد علی ولد غلام محمد، مقبول مسیح ولد نور مسیح، بشیر احمد ولد جلال دین، محمد پرویز ولد محمد بوٹا، محمد اسلم ولد محمد نواز محمد بشیر، محمد اعظم، محمد اقبال پسران، مختاراں بی بی دختر، فیضان، علی الحسین پوتگان، فائزہ بی بی پوتی فضل الٰہی تو مسلم شیخ محمد منیر، محمد جہانگیر پسران محمد عاشق، محمد انور، محمد ندیم پسران محمد عنایت، محمد سردار ولد چراغ دین، محمد رشید، محمد یعقوب پسران محمد سرور، شیداں بی بی زوجہ محمد دین، نوردین ولد عبدالغفور، عبدالرشید ولد رب نواز خاں، لیاقت علی ولد احمد دین، رحمت علی ولد مد علی عرف مہندا، محمد حنیف ولد جارہ، رانی بی بی زوجہ عبدالرزاق، عبدالرزاق ولد غلام محمد، شریفاں بی بی زوجہ اللہ وسایا، رحمت علی ولد محمد علی، محمد رمضان قلد بشیر احمد، محمد عارف ولد حاجی محمد، محمد عاشق ولد حاجی محمد، محمد اقبال ولد محمد انور، محمد اختر ولد محمد انور، محمد اشرف ولد یعقوب، زاہد حمید ولد عبدالحمید، نیامت علی ولد سردار علی، محمد انور ولد محمد رمضان، مینولی چرچ سٹی جعفر علی ولد عبداللہ، محمد حنیف پسر، شاداں بی بی دختر نواب دین، اللہ رکھی دختر امام دین، محمد یونس ولد محمد ابراہیم، سجاد علی ولد سردار علی، خالد محمود، ساجد محمود پسران مقبول احمد، بشیر احمد ولد احمد دین، عمران علی بھٹی ولد اکبر علی بھٹی، محمد اشرف ولد غلام محمد، فاروق اقبال ولد محمد عاشق، بلین اکرم زوجہ آغا الیاس، غلام نبی، غلام محمد، محمد عاشق پسران امام دین، شوکت علی ولد محمد علی، محمد جمیل ولد محمد سرور، عبدالحمید ولد عبدالمجید، عبدالشکور ولد عبدالرحمٰن، لیاقت علی ولد محمد شریف، محمد افتخار ولد محمد ارشد، باسط شفیع، ارسلان سرفراز پسران محمد شفیع، محمد امین ولد غلام قادر، جاوید اقبال، غلام صابر، میر محمد پسران غلام نبی، ناظم الدین ولد علی محمد، حبیب اللہ ولد آس محمد، کشور سلطانہ بیوہ، کاشف علی پسر، مہوش، ثروت، یاسمین شوکت، ساجدہ بی بی دختران شوکت علی، محمد شہزاد ولد محمد حسنین ڈوگر، اصغر علی ولد ابراہیم، سردار لیاقت علی، امجد علی، محمد آصف پسران باغعلی سکنائے موضع بنگلہ کمبواں تحصیل وضلع قصور (مسئول علیہم) ہرگاہ مسئول علیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 26-02-2024 کو صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی۔

بعدالت جناب سادات رسول صاحب سول جج ڈسکہ

مرمہ دعوی: دخلیابی بذریعہ استقرار حق معہ منسوخی رجسٹری عنوان بشریٰ بنام محمد زاہد حسین ولد عباس علی ساکن محلہ محمد پورہ جاکے روڈ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، طالب حسین ساہی ولد حیات محمد ذات جٹ ساہی ساکن نزد فیملی ہسپتال ڈسکہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، سفیان ولد محمد یونس ذات راجپوت ساکن ستوکے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، محمد منیر ولد عبد محمد ذات منہاس راجپوت ساکن ستوکے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ عمران منیر ولد محمد منیر ذات منہاس راجپوت ساکن ستوکے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، محمد مختار ولد محمد حسین، عابدہ بی بی دختر محمد حسین ساکنان چک بھاڈہ تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ، صفیہ بی بی بیوہ محمد حسین ساکن چک بھاڈہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، محمد شہباز، محمد عمران، محمد نواز، محمد عرفان، محمد اسلام پسران محمد اقبال ذات ملک ساکنان شاد پورہ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 15-02-2024 کو اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا عذر پیش کرے عذر پیش نہ کرنے کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعوی: خرچہ نان ونفقہ وغیرہ بعنوان: آمنہ شفیق بنام محمد عدنان اشتہار بنام۔ محمد عدنان ولد سردار محمد ساکن ڈاکخانہ خاص مرزا اورکاں تحصیل وضلع شیخوپورہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ: 11.03.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب سول جج شکر گڑھ

سدرہ بی بی بنام عوام الناس دعوی درخواست برائے گارڈین سدرہ بی بی بیوہ رانا عدیل احمد زات راجپوت ساکن محلہ شریف پورہ شکر گڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 15.12.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب فیصل مجید صاحب سول جج ڈسکہ

دعوی: اعادہ حقوق زن آشوئی شیر علی بنام فرح مشتاق دختر محمد مشتاق زوجہ شیر علی ذات ماچھی کھوکھر ساکن محلہ اصغر کالونی بازار نمبر 1 شہر گوجرانوالہ تحصیل وضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 14-02-2024 کو اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا عذر پیش کرے عذر پیش نہ کرنے کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محترم شہروز شاہین رانجھا صاحب فیملی کورٹ سول جج فیصل آباد

دعوی: تنسیخ نکاح وغیرہ بعنوان: اقرا منیر وغیرہ بنام خرم شہزاد اشتہار بنام۔ خرم شہزاد ولد شفقت حسین شاہ ساکن گلی نمبر 1 فیکٹری والی رحمان سٹی چھوٹا بھائی پاس ضلع فیصل اباد، سعیدیہ ہادیہ، سعیدہ ہانیہ، نور فاطمہ دختران خرم شہزاد) نابالغان (بذریعہ والدہ حقیقی مدعیہ (1) ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ تعمیل سمن سے گریزاں ہے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر مورخہ 16.02.2024 کو بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب بااختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی دفعہ 135 لینڈ ایکٹ 1967 معہ حکم امتناعی دوامی محمد رمضان ولد محمد صدیق وغیرہ بنام عامر سہیل ولد ناظر حسین قوم آرائیں ساکن فتح پور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، افضل ولد یوسف، فائزہ، صابراں بی بی دختران یوسف، امجد علی، شوکت علی، اکبر علی، ارشد علی پسران نسیم بی بی، پروین بی بی، سلمیٰ بی بی دختران محمد یسین، نسیم بی بی، اختر بی بی، رحمت بی بی، انور بی بی، نصرت بی بی دختران نذر محمد، طیبہ، شائستہ دختران فقیر محمد، محمد تنویر، محمد سلیم، محمد ارشد پسران، محمد نذیر، محمد اسلم، محمد رفیق، علی حسین، اصغر علی، اختر علی، سلطان احمد ذکراں بی بی زوجہ مہدی حسن خاں، فرحان ولد شمیم، عائشہ صدیقہ، رابعہ دختران حشمت اللہ، میاں عظمت اللہ، محمد مزمل حسین ہارون، عمر فاروق پسران حشمت اللہ، رضیہ سلطانہ، پروین، نسیم بی بی، خورشید بی بی دختران، بشیراں بی بی محمد صدیق، محمد لطیف ولد سلیمان، شائستہ بی بی، بشیراں بی بی دختران علی نواز، خالد محمود ولد محمد رشید، امجد علی ولد حسین، عبداللطیف، عبدالغفور پسران رحمت اللہ، طاہر اقبال، محمد ارسلان پسران علی جان، عبدالغفار، محمد شمیم، محمد تنویر، منظور احمد پسران عبدالغفار، محمد یاسین خاوند جمیلہ بی بی، مہدی حسن خاں ولد محمد رفیق، ذیشان ولد شمیم، فروہ دختر شمیم، محمد یعقوب ولد محمد شریف، بشیر ولد عبدالغفار، ظہیر الدین بابر ولد مراد علی، محمد عثمان، ظہیر احمد، عبدالستار، بلال لطیف پسران عبداللطیف ساکنان فتح پور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 14/02/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ۔

بعدالت جناب نائب تحصیلدار صاحب بااختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی دفعہ 135 لینڈ ایکٹ 1967 معہ حکم امتناعی دوامی محمد رمضان ولد محمد صدیق وغیرہ بنام عامر سہیل ولد ناظر حسین قوم آرائیں ساکن فتح پور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ، افضل ولد یوسف، فائزہ، صابراں بی بی دختران یوسف، امجد علی، شوکت علی، اکبر علی، ارشد علی پسران نسیم بی بی، پروین بی بی، سلمیٰ بی بی دختران محمد یسین، نسیم بی بی، اختر بی بی، رحمت بی بی، انور بی بی، نصرت بی بی دختران نذر محمد، طیبہ، شائستہ دختران فقیر محمد، محمد تنویر، محمد سلیم، محمد ارشد پسران، محمد نذیر، محمد اسلم، محمد رفیق، علی حسین، اصغر علی، اختر علی، سلطان احمد ذکراں بی بی زوجہ مہدی حسن خاں، فرحان ولد شمیم، عائشہ صدیقہ، رابعہ دختران حشمت اللہ، میاں عظمت اللہ، محمد مزمل حسین ہارون، عمر فاروق پسران حشمت اللہ، رضیہ سلطانہ، پروین، نسیم بی بی، خورشید بی بی دختران، بشیراں بی بی محمد صدیق، محمد لطیف ولد سلیمان، شائستہ بی بی، بشیراں بی بی دختران علی نواز، خالد محمود ولد محمد رشید، امجد علی ولد حسین، عبداللطیف، عبدالغفور پسران رحمت اللہ، طاہر اقبال، محمد ارسلان پسران علی جان، عبدالغفار، محمد شمیم، محمد تنویر، منظور احمد پسران عبدالغفار، محمد یاسین خاوند جمیلہ بی بی، مہدی حسن خاں ولد محمد رفیق، ذیشان ولد شمیم، فروہ دختر شمیم، محمد یعقوب ولد محمد شریف، بشیر ولد عبدالغفار، ظہیر الدین بابر ولد مراد علی، محمد عثمان، ظہیر احمد، عبدالستار، بلال لطیف پسران عبداللطیف ساکنان فتح پور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 14/02/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ۔

بیانِ حلفی بابت اعلان لاتعلقی

بیان ازاں:۔ محمد وسیم، محمد سلیم، عبدالحمید، محمد ندیم، محمد نعیم، محمد رفیق پسران عبدالواحد ساکنان کوٹلہ کلاں، ڈاکخانہ خاص، چک نمبر 43-RB کوٹلہ، تحصیل سانگلہ ہل، ضلع ننکانہ صاحب من مخلفان بیانی ہیں یہ کہ من مخلفان پتہ درج بالا پر مستقل رہائشی وسکونتی ہیں۔ یہ کہ من مخلفان حلفاً بیان کرتے ہیں کہ من مخلفان اپنے حقیقی بھائی نوید قیصر ولد عبدالواحد بوجہ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے اور بوجہ نافرمانی تمام تر جائیداد منقولہ وغیر منقولہ سے عاق کرتے ہیں۔ آج کے بعد نوید قیصر ولد عبدالواحد کا من مخلفان اور من مخلفان کے بچوں سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ یہ کہ آج کے بعد من مخلفان اور من مخلفان کے اہل خانہ کا نوید قیصر کے قول وفعل ولین دین اور کسی قسم کی عدالتی کارروائی اور تھانہ میں درخواست بازی کی بابت کوئی ذمہ داری نہ ہیں۔ یہ کہ من مخلفان حلفاً بیان کرتے ہیں کہ من مخلفان نے بیان حلفی ہذا بقائمی ہوش وحواس خمسہ وبلا جبر کرہ خود اپنی آزاد ورضامندی سے دیا ہے جو کہ درست سمجھتے ہوئے اپنے دستخط ونشان انگوٹھا ثبت تحریر کردیے ہیں تا کہ سند رہے اور بوقت ضرورت کام آوے۔

تصدیق: امروز 22-01-2024 کو بمقام لاہور کی جاتی ہے کہ بیان حلفی کے ضمنات میں من مخلفان کے بہترین علم ویقین کے مطابق درست ہیں اور کوئی امر مخفی یا مانع نہ رکھا گیا ہے۔ من محلف محمد وسیم من محلف محمد سلیم من محلف عبدالحمید من محلف محمد ندیم من محلف محمد نعیم من محلف محمد رفیق

بعدالت جناب محترم محمد اطہر افضل صاحب سول جج درجہ اول چونیاں ضلع قصور۔

دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ۔ سردار لیاقت علی ولد سردار رجادہ بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو وغیرہ اشتہار بنام چیف ایگزیکٹو لیسکو واپڈا 22/A کوئنز روڈ لاہور، ڈپٹی منیجر آپریشن لیسکو واپڈا ڈویژن چونیاں، آر۔او واپڈا لیسکو واپڈا چونیاں، اسسٹنٹ منیجر واپڈا لیسکو سب ڈویژن چونیاں ایسٹ تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعاعلیہم) ہرگاہ مدعاعلیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعوی عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 16-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 1850 درو شکے انتقال نمبر 1979 وراثت موضع دھامونکے کے تحت سائل کا برادر محمد ریاض ولد محمد اسحاق ذات ترکھان ساکن دھامونکے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا 28-11-2021 ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں محمد رزاق زندہ، محمد اشفاق پہلے فوت شد بھائی، عنصر فوزیہ طلاق شدہ ساجدہ پروین ہمشیرگان برئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 485 وراثت موضع کوٹلی مومن کے تحت سائل کا والد مسمی بہادر حسین شاہ ولد سید غلام قادر شاہ قوم سید ساکن کوٹلی مومن تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا 04-01-2018 ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں سجاد حیدر پسر برئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جائے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب سارا احمد صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی تنسیخ نکاح وغیرہ انیلا خانم وغیرہ بنام عارف حسین اشتہار اخبار بنام عارف حسین ساکن مکان نمبر 64 گلی نمبر 16 محمد روڈ نواب پورہ اچھرہ لاہور مقدمہ عنوان بالا میں مسول علیہ تعمیل سمن سے دیدہ دانستہ گریزاں ہے اور روپوش ہے اس لیے اشتہار بنام مسول علیہ جاری کیا جاتا ہے کہ کے بتقرر 15/2/2024 عدالت ہذا میں پیش ہو عدم حاضری کی صورت میں کارروائی ایک طرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر نا قابل قبول ہوگا

بعدالت جناب صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 5994 وراثت موضع سرانوالی کے تحت سائل کا والد محمد بشیر ولد چراغ دین کا فوت ہونا مورخہ 201625/09/ درج ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں برکت بی بی والدہ فرزانہ بی بی بیوہ محمد نوید، خرم شہزاد پسران نائلہ شہزادی، حمیرا عثمان، فاخرہ بشیر، شائلہ اعجاز، عائشہ صدیقہ دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب میڈم اقرا فاروق صاحبہ جج فیملی کورٹ پتوکی ضلع قصور

دعوی تنسیخ نکاح وغیرہ عنوان مقدمہ مسماۃ رشیدہ بی بی بنام محمد وکیل وغیرہ اخبار اشتہار بنام محمد وکیل ولد محمد رمضان ساکن جمبر خورد تحصیل پتوکی ضلع قصور۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مورخہ 16-02-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

علی امین گنڈاپور کو وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے عہدے کیلئے نامزد کر دیا گیا

پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان سے کوئی بات چیت نہیں ہوگی، عمران خان کی گوہر خان سے گفتگو

خیبر پختونخوا کی وزارت اعلیٰ کے لیے 3 نام سامنے آئے تھے، ان ناموں میں مشتاق غنی، تاج محمد خان ترند اور علی امین گنڈاپور شامل تھے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے سابق وفاقی وزیر علی امین کو خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کے لیے نامزد کر دیا۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے منگل کو پارٹی رہنما بیرسٹر گوہر خان سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کی جس کے دوران انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان سے کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔ ذرائع کے مطابق سابق وزیر اعظم نے کہا کہ وفاق اور (بقیہ نمبر 50)

سوزوکی نے موٹر سائیکل خریدنے کے خواہشمندوں کیلئے بڑی پیشکش کر دی

کراچی (این این آئی) کئی مہینوں تک قیمتوں میں اضافے اور پیداوار میں کمی جیسے چیلنجوں کا سامنا کرنے کے بعد، آٹو مینوفیکچررز اب اپنی سیلز کو بڑھانے کے لیے پرکشش پیشکشیں متعارف کروا رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق یاماہا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پاک سوزوکی نے بھی خصوصی پیشکش کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی کے مطابق، جو لوگ (PayPro) کے ذریعے ادائیگی کرنے کا انتخاب کرتے ہیں وہ خصوصی رعایت کے اہل ہیں۔ اس میں 24 ماہ کی قسط کے پلان پر 25% ڈاؤن پیمنٹ اور (بقیہ نمبر 48)

چین میں اسپرنگ فیسٹیول جاری، پاکستانی ریستوراں میں گاہکوں کی تعداد میں اضافہ

بیجنگ (این این آئی) چین میں جاری اسپرنگ فیسٹیول کے دوران پاکستانی ریستورانوں میں گاہکوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا، کھانے کے منفرد تجربے کے خواہاں افراد کیلئے پاکستانی ریستوراں ایک مقبول انتخاب بن گئے، کیونکہ مقامی افراد اور سیاح یکساں طور پر چائنیز اسپرنگ فیسٹیول منانے کے لئے یہاں کا رخ کرتے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق چینی بہار کا تہوار، جسے قمری نیا سال یا چینی نیا سال بھی کہا جاتا ہے، چین میں سب سے اہم روایتی تہواروں میں سے ایک ہے۔ یہ ایک ایسا وقت ہے (بقیہ نمبر 47)

این اے 238 سے ایم کیو ایم امیدوار صادق افتخار کے کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے این اے 238 کراچی سے ایم کیو ایم امیدوار صادق افتخار کے کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق قومی اسمبلی کے ایک اور حلقے کے کامیاب امیدوار کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، الیکشن کمیشن نے این اے 238 سے صادق افتخار کو کامیاب قرار دیدیا، صادق افتخار کا تعلق ایم کیو ایم پاکستان سے ہے۔

لاہور، ایک شہری سڑک کنارے پھل فروش سے کینو خرید رہا ہے

ملک کے وسیع تر مفاد میں کردار ادا کرینگے' پاکستان مسلم لیگ

سیاسی جماعتوں کو ملک کیلئے غیر معمولی فیصلے کرنا ہوں گے' جنرل سیکرٹری لاہور ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے اس لئے '' میں نہ مانوں '' کی رٹ لگانے سے گریز کیا جائے، موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں کو اپنے ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر ملک کیلئے غیر معمولی فیصلے کرنا ہوں گے۔ اپنے دفتر میں ملاقات کے لئے آنے والے وفد سے (بقیہ نمبر 51)

عوامی مینڈیٹ کو رات کے اندھیرے میں چوری کیا جا رہا ہے' کامران بشیر

گھناؤنے کھیل کی اعلیٰ عدلیہ کے ججز سے تحقیقات کرائی جائیں' وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین کامران بشیر مغل نے کہا ہے کہ عوامی مینڈیٹ کو رات کے اندھیرے میں چوری کیا جا رہا ہے جو آمریت کی بدترین مثال ہے، جمہوریت کی آڑ میں کھیلے جانے والے گھناؤنے کھیل کی سپریم کورٹ کے ججز سے تحقیقات کرائی جائیں، الیکشن کے نام پر سلیکشن کو مسترد کرتے ہیں، متنازعہ الیکشن کے پروسیس کے بعد جو لوگ اپنی نشستیں چھوڑ کر عوام میں (بقیہ نمبر 46)

لیسکو انسداد بجلی چوری مہم 17 ہزار 524 ملزمان گرفتار

بجلی چوروں کو 2 ارب 79 کروڑ 32 لاکھ 68 ہزار 718 روپے کے جرمانے عائد۔

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن بلا تعطل جاری ہے اور 154 روز سے جاری مہم کے دوران 17 ہزار 524 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مجموعی طور پر 52 ہزار 856 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 48 ہزار 534 ملزمان کے خلاف مقدمات درج کئے گئے۔ ترجمان کے مطابق بجلی چوروں کو اب تک 7 کروڑ (بقیہ نمبر 45)

معروف کاروباری شخصیت حاجی شاہد بابو کے بھائی گوہر ایوب کی دعوت ولیمہ پر صدر شامی پارک مارکیٹ حاجی اقبال، جنرل سیکرٹری ملک رفاقت، میاں اظہر سعید، غلام مصطفیٰ، ملک اشفاق اعوان، عثمان سنی، حاجی اشرف، راشد چغتائی، عمران انصاری، فہد علی حیدر، دانیال کا گروپ فوٹو

نواز شریف کو اخلاقاً وزیر اعظم کے عہدے کا امیدوار نہیں بننا چاہیے' خورشید شاہ

نواز شریف کے انتخاب پر کئی سوالیہ نشان ہیں، وزیر اعظم کے عہدے کے لیے شہباز شریف یا ایاز صادق متبادل امیدوار ہو سکتے ہیں

پیپلز پارٹی کسی اور جماعت کے منتخب ممبر کو ساتھ شامل نہیں کرے گی، اصل مینڈیٹ ان ممبروں کے پاس نہیں بلکہ عوام کے ہاتھ میں ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما خورشید شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کسی اور جماعت کے منتخب ممبر کو ساتھ شامل نہیں کرے گی، اصل مینڈیٹ ان ممبروں کے پاس نہیں بلکہ عوام کے ہاتھ میں ہے۔ اپنے ایک بیان میں خورشید شاہ نے کہا کہ نواز شریف کے انتخاب پر کئی سوالیہ نشان ہیں، یہ تاثر عام ہے کہ انہیں جتوایا گیا، نواز شریف کو اخلاقاً وزیر اعظم کے عہدے کا امیدوار نہیں بننا چاہیے، وزیر اعظم کے عہدے کے لیے (بقیہ نمبر 41)

گلگت، ہسپتال روڈ کے قریب لرننگ اکیڈمی سکول میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

گلگت (این این آئی) ہسپتال روڈ کے قریب لرننگ اکیڈمی سکول میں اچانک آگ بھڑک اٹھی اور ارد گرد پھیلنے لگی۔ آگ اتنی شدید تھی کہ ایک دم شعلے اٹھنے لگے۔ گلگت بلتستان ایمرجنسی سروسز ریسکیو 1122 کنٹرول روم کو اطلاع موصول ہوتے ہی ریسکیو 1122 گلگت کے اہلکار سٹیشن کو آرڈینیٹر نعیم عباس کی نگرانی میں بروقت آگ بجھانے والی گاڑیوں سمیت جائے حادثہ پر پہنچ گئے اور آگ بجھانے لگے۔ آگ کی شدت بہت زیادہ ہونے کے باعث دو گاڑیوں سے کنٹرول نہیں ہو سکا (بقیہ نمبر 40)

ننکانہ، پولیو مہم 26 فروری سے یکم مارچ تک جاری رہے گی، ڈپٹی کمشنر

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد کی زیر صدارت 26 فروری سے شروع ہونے والی پولیو مہم کے انتظامات بارے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ اتھارٹی ننکانہ ڈاکٹر اظہر امین، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن احسن فرید، ریسکیو 1122، میونسپل کمیٹیز سمیت دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر امین نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع ننکانہ صاحب میں پولیو مہم کا (بقیہ نمبر 58)

سربراہ لاہور پولیس کی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید کی قبر پر حاضری

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ نے ڈی آئی جی کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید کی قبر پر حاضری دی۔ سی سی پی او نے شہید کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر کیپٹن (ر) سید احمد مبین شہید کی والدہ، اہل خانہ، ایڈیشنل آئی جی (ٹریفک پولیس) مرزا فاران بیگ، ڈی آئی جی (بقیہ نمبر 57)

لاہور، ایک بچہ گھر کا چولہا جلانے کیلئے لکڑیاں اکٹھی کر کے گدھا ریڑھی پر رکھ رہا ہے

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے اقدامات

مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کیلئے 11 لاکھ روپے جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس فورس کی ہیلتھ ویلفیئر کے لئے اقدامات جاری ہیں، مختلف اضلاع میں خدمات سرانجام دینے والے ملازمین کے لئے 11 لاکھ روپے جاری کر دیئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور پولیس کے غازی ندیم شہزاد کو علاج معالجے کے لئے 03 لاکھ روپے دیئے گئے، لاہور پولیس کے غازی (بقیہ نمبر 39)

ایس ای سی پی کا نئی کارپوریٹ رجسٹری ای فائلز سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

جدید کارپوریٹ رجسٹری ای فائلز ایک آسان انٹرفیس رکھتی ہے اور اس میں کئی جدید خصوصیات شامل ہیں

کراچی (این این آئی) ایس ای سی پی نے اپنی نئی جدید اور صارف دوست کارپوریٹ رجسٹری، ای فائلز سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کر لیا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان حکام کے مطابق نئی ڈیجیٹل کارپوریٹ رجسٹری ایس ای سی پی کے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام کا حصہ ہے جس کے تحت کمیشن کے تمام ریگولیٹری پراسیس کو اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائز کیا جا رہا ہے۔ جدید کارپوریٹ رجسٹری (بقیہ نمبر 38)

اعظم حسین کی وفد کے ہمراہ لیگی رہنما مولانا شبیر عثمانی سے ملاقات

جے یو آئی (س) کے وفد نے لیگی رہنماء کو آئندہ بھی تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین کی مسلم لیگ (ن) کے مرکزی راہنما و مشیر وزیر اعظم پاکستان مولانا شبیر احمد عثمانی سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات اور مسلم لیگ (ن) کی قومی و صوبائی اسمبلیوں میں امیدواران کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی جبکہ جمعیت علما اسلام کی طرف سے متعدد حلقوں میں بھرپور حمایت و تعاون پر علامہ شبیر احمد (بقیہ نمبر 37)

لاہور، محنت کش ریڑھے پر سامان رکھ کر لے جا رہا ہے

ضلع گجرات میں پولیو مہم 26 فروری تا 1 مارچ تک چلائی جائے گی، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک

سرائے عالمگیر) نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ ضلع گجرات میں پولیو مہم 26 فروری تا 1 مارچ تک چلائی جائے گی، دو دن فالو اپ مہم ہوگی، اس سلسلہ میں تمام تر تیاریوں کو حتمی دی جائے مہم کے دوران 5 سال تک عمر کے 5 لاکھ 14 ہزار 982 بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے، بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول بھی دیئے جائیں گے، انسداد پولیو کو کامیاب بنانے کے لئے مائیکرو پلان تشکیل دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل افضل حیات تارڑ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ذاکر علی رانا، ڈی ایچ او ڈاکٹر غمخوار حسین شاہ، ایم ایس عزیز بھٹی شہید ہسپتال ڈاکٹر آصف محمود، نمائندہ ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر یاسر، چیف افسران میونسپل کمیٹیز اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی صفدر حسین ورک نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کیلئے موبائل اور فکسڈ ٹیموں کی تعداد میں نمایاں اضافہ کر دیا گیا ہے، 5156 اہلکار پولیو مہم میں ڈیوٹی سرانجام دیں گے، 2208 موبائل ٹیمیں، 122 فکسڈ ٹیمیں جبکہ 33 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم کیے جائیں گے، والدین اپنے 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلائیں، پولیو ٹیم نہ پہنچنے کی صورت میں قریبی محکمہ صحت کے مرکز سے رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمہ کے لئے تمام سرکاری محکموں کو اپنی ذمہ داریاں نبھانا ہونگی اسی طرح علمائے کرام، والدین، سول سوسائٹی کے ارکان سمیت تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد محکمہ صحت کی ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں، انہوں نے کہا کہ پولیو کے ہدف کو سو فیصد یقینی بنایا جائے، پولیو مہم کے دوران غفلت کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، پولیو ٹیموں کی کارکردگی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کی جائے گی۔

قصور ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس

قصور) محمد انیس بھٹی سے (قصور ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس۔ ضلع میں قومی انسداد پولیو مہم 26 فروری تا یکم مارچ 2024 تک منعقد ہو رہی ہے۔ مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 51 ہزار 828 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے۔ مہم کے دوران 6 ماہ سے لیکر 5 سال تک کے بچوں کو وٹامن اے کے کیپسول بھی دیئے جائینگے۔ مہم کی کامیابی کیلئے 2785 موبائل ٹیمیں، 131 فیکسڈ ٹیمیں، 74 ٹرانزٹ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ 126 یو سی ایم اوز اور 578 ایریا انچارجز تعینات کئے گئے ہیں۔ پولیو مہم کی کامیابی کیلئے تمام تر اقدامات کو بروئے کار لایا جائے۔ کسی قسم کی سستی کو برداشت نہیں کیا جائیگا۔ خود پولیو ٹیموں کی ٹریننگ کا جائزہ لوں گا۔ پولیو کے مکمل خاتمہ کیلئے تمام محکمہ جات ملکر کام کریں تا کہ مہم کے سو فیصد نتائج حاصل کئے جا سکیں۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر رضوان الحق پوری، محکمہ ہیلتھ، ڈبلیو ایچ او، ایجوکیشن، سوشل ویلفیئر، پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

قصور اور اس کے گردونواح سے نامعلوم ڈاکو ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں میں لاکھوں روپے کے طلائی زیورات، لاکھوں روپے کیش رقم، موٹر سائیکلز، موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر جائے واردات سے فرار

قصور) ڈسٹرکٹ بیورو چیف شفاقت علی چوہدری سے) قصور اور اس کے گردونواح سے نامعلوم ڈاکو ڈکیتی، چوری اور راہزنی کی وارداتوں میں لاکھوں روپے کے طلائی زیورات، لاکھوں روپے کیش رقم، موٹر سائیکلز، موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر جائے واردات سے فرار جبکہ مزاحمت پر ڈاکوں نے فائرنگ سے ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ تھانہ صدر میں رفاقت علی نے اطلاع دی ہے کہ میں اپنی بیوی کے ساتھ ایک شادی تقریب میں گیا ہوا واپس گھر آیا تو دیکھا نامعلوم چور تالے توڑ کر گھر سے دس تولہ طلائی زیورات، تین لاکھ روپے کیش و دیگر سامان چوری کر کے لے گئے ہیں۔ تھانہ سرائے مغل میں رحمان نے اطلاع دی ہے کہ 20 ہزار پل کے مقام پر سات کس نے اسلحہ کے زور پر دو لاکھ روپے کیش اور دو تولے طلائی زیورات لوٹ لیے ہیں۔ تھانہ مصطفیٰ آباد میں رمیض شفقت نے اطلاع دی ہے کہ بھلو کے مقام پر دو کس نے گن پوائنٹ پر 125 موٹر سائیکل چھین لی ہے۔ تھانہ سٹی چتوکی کے علاقے میں ایک دوکان سے نامعلوم چور 7/6 لاکھ روپے چوری کر کے لے گئے ہیں۔ تھانہ سٹی چتوکی میں محمد نثار نے اطلاع دی ہے کہ سبزی منڈی چتوکی میری دوکان سے نامعلوم چور 7/6 لاکھ روپے کیش رقم و دیگر سامان چوری کر کے لے گئے ہیں۔ تھانہ صدر چتوکی میں محمد اعظم نے اطلاع دی ہے کہ حبیب آباد کے قریب چار کس نے گن پوائنٹ پر دو لاکھ روپے کیش رقم و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ کنگن پور میں اقبال نے اطلاع دی ہے کہ ڈریم ٹاؤن کے مقام پر تین کس نے اسلحہ کے زور پر 1.5 لاکھ روپے کیش رقم و دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تھانہ مصطفیٰ آباد میں عابدہ نے اطلاع دی ہے کہ مدرسہ حاجی رحمت سے نامعلوم چور لاک کاٹ کر تین لاکھ دس ہزار روپے کیش رقم اور تین تولہ طلائی زیورات لوٹ کر فرار ہو گئے ہیں۔ تھانہ کنگن پور میں مجاہد حمید نے اطلاع دی ہے کہ محلہ امین شہید میرے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل نامعلوم چور لے گئے ہیں۔ محمد اقبال نے پولیس تھانہ سٹی چتوکی میں محمد اقبال نے اطلاع دی ہے کہ ڈیرہ کے قریب تین کس نے اسلحہ کی نوک پر موٹر سائیکل، ایک لاکھ روپے کیش رقم، موبائل فون وغیرہ لوٹ لیے ہیں۔ منڈی عثمانوالہ میں غلام شبیر اور نعیم عباس موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ ڈاکوں نے رکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر فائرنگ کر کے غلام شبیر کو زخمی کر دیا، زخمی کو علاج کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ مقامی پولیس الگ الگ مقدمات درج کرے q مصروف کاروائی ہے۔

سرگودھا، پتنگ فروش رنگے ہاتھوں گرفتار، 220 پتنگیں اور 10 کیمیکل ڈوریں برآمد، مقدمہ درج

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا، پتنگ فروش رنگے ہاتھوں گرفتار، 220 پتنگیں اور 10 کیمیکل ڈوریں برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ فیکٹری ایریا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر 220 پتنگیں اور 10 کیمیکل ڈوریں برآمد کر کے ملزم کے خلاف کائٹ فلائنگ ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے ڈی پی او سرگودھا محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ فروشی یا پتنگ بازی کی اجازت کسی کو ہرگز نہیں دی جائے گی۔

سال 2024 کی دوسری انسداد پولیو مہم 26 فروری سے 01 مارچ تک جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی

جھنگ) اجمل جبین بیورو چیف) سال 2024 کی دوسری انسداد پولیو مہم 26 فروری سے 01 مارچ تک جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی کی زیر صدارت مہم کی تیاریوں بارے اجلاس منعقد ہوا۔ محکمہ صحت کو قطرے پلانے کا ہدف 5 لاکھ 81 ہزار 759 مقرر کیا گیا ہے۔ مہم کیلئے مائیکرو پلان، ٹیموں کی ٹریننگ سمیت دیگر تیاریاں مہم سے قبل مکمل کرنیکی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈی ایچ او ڈاکٹر افتخار نور، نمائندہ ڈبلیو ایچ او نے مائیکرو پلان بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں محکمہ صحت، تعلیم و دیگر لائینز ڈیپارٹمنٹس کے افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ خرم نیازی کا اس موقع پر کہنا تھا کہ انسداد پولیو مہم سے قبل قطروں کی افادیات بارے مہم چلائی جائے۔ پولیو ویکسین کے دو قطرے بچوں کیلئے ضروری ہیں

الیکشن 2024 بھی ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین الیکشن ہے، بابر سلہری

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے) الیکشن 2024 بھی ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین الیکشن ہے، بابر سلہر یتفصیلات کیمطابق انسانی حقوق کی عالمی تنظیم یوتھ اسمبلی فار ہیومن رائٹس کے مرکزی صدر بابر سلہری نے الیکشن کمیشن کی طرف سے الیکشن کا مشاہدہ کرنے کے بعد رپورٹ جاری کرتے ہوئے نیشنل اور انٹرنیشنل میڈیا کو بتایا کے ہر پانچ سال بعد الیکشن کے نام پر پاکستانی غریب عوام کے بنیادی حقوق پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا عوام جس کو چاہے ووٹ دے لیکن الیکشن کا رزلٹ پہلے ہی طے شد ہوتا ہے۔ غریب عوام کے ٹیکس کا اربوں روپیہ الیکشن پر خرچ کر دیا جاتا ہے۔ مگر ووٹ کے ذریعے تبدیلی نہیں لائی جاتی ہے۔ اور الیکشن میں ہر سیاسی پارٹی کو برابر کے حقوق نہیں دیے جاتے۔ فارم 45 کے مطابق رزلٹ کچھ اور ہیں اور (RO) افسران کے مطابق رزلٹ کچھ اور ہے۔ جیتنے والے کو ہرا دیا گیا ہے اور ہارنے والا ممبر آف اسمبلی بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا ملک میں مکمل طور پر ریاستی دہشت گردی جاری ہے۔ چیف آف الیکشن کمشنر نے صرف ایک یا دو واقعات تسلیم کیے ہیں مگر اس کو تسلیم کرنا ہوگا کے الیکشن میں مکمل طور پر دھاندلی ہوئی ہے۔ عدالتوں اور الیکشن کمیشن کا ووٹ کو فارم 45 ک تحت دوبارہ گنتی (Account) نہ کرنا آئین پاکستان، بین الاقوامی قوانین اور بنیادی انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے، حلقوں کے رزلٹ میں دو دو دن کی تاخیر الیکشن کے متنازعہ ہونے کا واضح ثبوت ہے۔ یوتھ اسمبلی فار ہیومن رائٹس پاکستان مطالبہ کرتی ہے کہ ووٹ ڈالنے کا روایتی طریقہ کار بدلا جائے اور پاکستان میں ووٹ کا سسٹم ای وی ایم کے تحت آن لائن کیا جائے ووٹر اپنا ووٹ ڈائریکٹ نادرا سے منسلک آن لائن انگوٹھا سسٹم کے ذریعے ڈالے تا کہ ووٹ تبدیل نا کیا جا سکے۔ اور رزلٹ بھی سو فیصد فوری حاصل ہو سکیں۔

اغوا کے دو مختلف واقعات میں نامعلوم ملزمان نے نوجوان اور پندرہ سالہ بچے کو اغوا کر لیا

ڈسکہ) محمد بلال سے) اغوا کے دو مختلف واقعات میں نامعلوم ملزمان نے نوجوان اور پندرہ سالہ بچے کو اغوا کر لیا ڈسکہ کے محمود کا بھائی اور نعیم کا بیٹا گھر سے باہر گئے تو واپس نہ آئے انہوں نے تلاش شروع کی تو لوگوں نے بتایا کہ تمہارے بھائی اور بیٹے کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کیمانہ محکمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

معروف کیک اینڈ بیکری برانڈز پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں

10 بیکری اینڈ کیک یونٹس کی چیکنگ، ناقص انتظامات پر 4 بند، 2 یونٹس کو 2 لاکھ کے جرمانے

لاہور (این این آئی) معروف کیک اینڈ بیکری برانڈز پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں آ گئے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے سندر انڈسٹریل اسٹیٹ، ڈیفنس روڈ، جلو پارک اور بھبتیاں میں بیکری اینڈ کیک پروڈکشن یونٹس کی چیکنگ کی، 10 بیکری اینڈ کیک یونٹس کی چیکنگ (بقیہ نمبر 26)

ن لیگ کی کامیابی خوشحالی و ترقی کی صبح نو کا آغاز ہے' شبیر مقبول

نواز شریف کی قیادت میں معیشت کی ترقی کی راہیں کھلیں گی' سیکرٹری اطلاعات انجمن تاجران

لاہور (سٹی رپورٹر) سیکرٹری اطلاعات انجمن تاجران شبیر مقبول نے کہا ہے مسلم لیگ ن کی عام انتخابات میں کامیابی خوشحالی و ترقی کی صبح نو کا آغاز ہے۔ میاں نواز شریف کی قیادت میں ملکی معیشت کی ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ مسلم لیگ ن کی تجربہ کار اور دیانتدار قیادت کی محنت سے ملکی ترقی (بقیہ نمبر 27)

لاہور، ڈرائیور رکشے پر سامان اوورلوڈ کر کے لجا رہا ہے

تمباکو نوشی سے پاکستان میں سالانہ ایک لاکھ 60 ہزار اموات

تمباکو نوشی ترک کرنے کیلئے 6 ہفتے درکار' رمضان المبارک ایک بہترین موقع ہے' ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) دل اور سینے کے امراض کے ماہرین نے کہا ہے کہ لڑکپن سے پڑنے والی ایک بری عادت تمباکو نوشی ہے، جس سے دنیا بھر میں سالانہ 70 لاکھ اور پاکستان میں ایک لاکھ 60 ہزار اموات ہوتی ہیں، دنیا بھر میں آئندہ چند سالوں تک اموات کی یہ شرح ایک کروڑ تک پہنچ سکتی، پاکستان میں تمباکو نوشی اور اس سے پیدا ہونیوالی پیچیدہ امراض کی شرح مسلسل بڑھ رہی ہے، مختلف اقسام کے کینسر تمباکو نوشی کے سبب ہوتے ہیں۔ ماہرین نے کہا کہ تمباکو نوشی ترک کرنے کیلئے 6 ہفتے درکار ہوتے ہیں اور اس کیلئے رمضان المبارک ایک بہترین موقع ہے کہ ہم ہر طرح کے تمباکو سے چھٹکارہ حاصل کر کے اپنی ان بری عادات پر قابو پائیں۔ انڈس ہسپتال کے شعبہ امراض سینہ کے سربراہ پروفیسر سہیل اختر نے کہا کہ رمضان المبارک ہم سب کیلئے بہترین موقع ہوتا ہے کہ ہم اپنی بری عادات ترک (بقیہ نمبر 30)

پنجاب کے میدانی علاقوں میں دھند، موٹر ویز مختلف مقامات سے بند

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف میدانی علاقوں میں دھند کے باعث حد نگاہ کم ہونے پر موٹر ویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹر ویز پولیس سید عمران کے مطابق موٹر وے ایم 2 کو لاہور سے شیخوپورہ تک دھند کی وجہ سے بند کر دیا گیا، ایم 3 لاہور سے رجانہ تک بند ہے جبکہ لاہور سیالکوٹ موٹر وے پر بھی دھند کے باعث ٹریفک روک دی گئی۔ ترجمان نے کہا ہے کہ موٹر ویز کو عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کے لئے بند کیا جاتا ہے، روڈ یوزرز زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات پر سفر کرنے کو ترجیح دیں، صبح 10 سے شام 6 بجے تک دھند کے موسم میں بہترین سفری اوقات ہیں۔

ٹیکساس: مقبول بٹ شہید کی برسی کے موقع پر وحدت کشمیر کانفرنس کا انعقاد

ٹیکساس (این این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس کے دارالحکومت آسٹن میں ممتاز کشمیری آزادی پسند رہنما شہید مقبول بٹ کو ان کی برسی کے موقع پر شاندار خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے وحدت کشمیر کانفرنس منعقد کی گئی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق جے کے این اے کے زیر اہتمام کانفرنس سے فلسطینی رہنما حسن علی اور انسانی حقوق کے نمائندہ رائے ظفر اقبال ایڈووکیٹ کے علاوہ مختلف مکاتب فکر کے (بقیہ نمبر 28)

شدت پسندی کرنے والا کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا، ثروت اعجاز قادری

ننکانہ صاحب (این این آئی) صدر پاکستان سنی تحریک ثروت اعجاز قادری نے قادری ہاؤس میں فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں شدت پسندی کرنے والا کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ شر پسند عناصر ہی ملک کا امن تباہ کرنے کی کوششیں کرتے رہتے ہیں۔ مینڈیٹ چوری یا دھاندلی کا الزام لگانے والوں کے لیے اعلیٰ عدلیہ کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ ہمارا ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے یہاں سب کو آئینی حق حاصل ہے کہ وہ (بقیہ نمبر 29)

لاہور، وائس پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود و دیگر کا پنجاب یونیورسٹی ایلومینائی آفس کے زیر اہتمام شعبہ جات کے فوکل پرسنز کیلئے منعقدہ اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

مرکز میں سابقہ اتحادی جماعتوں سے ملکر مخلوط حکومت بنائیں گے' احسن اقبال

2024 سے 2029 کا سفر پاکستان میں ترقی کا سفر ہوگا' نوجوانوں کو بہترین ہنر دیں گے اور ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے

سو نشستیں لے کر پی ٹی آئی مرکز میں کیسے حکومت بنائے گی؟ وفاقی حکومت کیلئے 134 نشستیں درکار ہیں، رہنماء ن لیگ کی میڈیا سے گفتگو، خطاب

نارووال / ظفروال (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم اور دیگر اتحادیوں کے ساتھ مل کر حکومت قائم کریں گے۔ منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ 2024 سے 2029 کا سفر پاکستان میں ترقی کا سفر ہوگا۔ احسن اقبال نے کہا کہ نوجوانوں کو بہترین ہنر دیں گے اور ان کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کو پنجاب میں بھرپور مینڈیٹ حاصل (بقیہ نمبر 31)

پیچیدہ نظام کی وجہ سے ٹیکس دینے والوں کی تعداد کم ہے' اسحاق بریار

پاکستانی وفد دبئی انٹرنیشنل فنانشل کورٹس اور فیڈرل ٹیکس اتھارٹی کے دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) ٹیکس کے پیچیدہ نظام اور آگاہی نہ ہونے کی وجہ سے صرف 35 لاکھ افراد ٹیکس گوشوارے جمع کراتے ہیں جبکہ ٹیکس دینے والوں کی تعداد بمشکل 15 لاکھ ہے، دبئی میں ویلیو ایڈڈ ٹیکس کی شرح 5 اور کارپوریٹ ٹیکس کی صرف 9 فیصد پاکستان میں یہی سیلز ٹیکس کی صورت میں 18 اور انکم ٹیکس کی پورٹ میں 35 فیصد وصول کیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ماہر معیشت و ٹیکس اور (بقیہ نمبر 32)

لاہور، نئے اوسی پل منصوبے کا تعمیراتی کام جاری ہے

حکومت ویلنٹائن ڈے جیسے بیہودہ تہوار پر پابندی لگائے' سنی علما کونسل

مغربی ثقافت نے اخلاقی اقدار کو برباد کر دیا، شرم و حیا ایمان کی علامت ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکومت ویلنٹائن ڈے جیسے بیہودہ تہوار پر پابندی لگائے، ملک میں ویلنٹائن ڈے کے نام پر کسی کو عریانی، فحاشی اور بے حیائی پھیلانے کی اجازت نہیں دینگے، بی ثقافت نے اخلاقی اقدار کو برباد کر دیا، شرم و حیا ایمان کی علامت ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ یہود و نصاری نے ایک (بقیہ نمبر 34)

مستحکم پاکستان کے لیے ہمیں متحد ہو کر کام کرنا ہوگا، قمر الحسن عثمانی

عوام میں پائی جانے والی مایوسی ختم کرنے کیلئے اُمید کا چراغ روشن کرنا ہر پاکستانی کا اولین فرض ہے

سرگودھا (این این آئی) روٹری انٹرنیشنل سرگودھا کے صدر قمر الحسن عثمانی نے کہا ہے کہ مستحکم پاکستان کے لیے ہمیں متحد ہو کر کام کرنا ہوگا کیونکہ عوام میں پائی جانے والی مایوسی ختم کرنے کے لیے اُمید کا چراغ روشن کرنا ہر پاکستانی کا اولین فرض ہے۔ اس لئے ہمارا ہر عمل دوسروں کے لیے باعث تقلید ہونا چاہیے۔ روٹری انٹرنیشنل دنیا بھر میں دکھی انسانیت کی خدمت کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق روٹری (بقیہ نمبر 35)

لاہور، محنت کش کینال روڈ پر پھل فروخت کرنے کیلئے کھڑے ہیں

خیر پور سے کراچی جانے والی قیدیوں کی گاڑی سے خطرناک قیدی فرار

نوابشاہ (این این آئی) خیر پور سے کراچی جانے والی قیدیوں کی گاڑی سے خطرناک قیدی فرار ہو گیا، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے قیدی کی تلاش شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق نواب شاہ میں قاضی احمد قومی شاہراہ پر قیدیوں کی گاڑی سے خطرناک قیدی فرار ہو گیا، پولیس نے بتایا کہ قیدیوں کی گاڑی خیر پور سے کراچی جا رہی تھی۔ کراچی پولیس قیدیوں کو خیر پور سے پیشی کے بعد واپس لے جا رہی تھی کہ راستے میں پولیس اہلکار کھانا کھانے کے تو (بقیہ نمبر 33)

سکھر، ایس آئی ایف سی نے سولر کمپنی کیساتھ 150 میگاواٹ شمسی توانائی کا پلانٹ نصب کر دیا

سکھر (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) نے سولر کمپنی کی شراکت سے سندھ کے تیسرے بڑے شہر سکھر میں 150 میگا واٹ کا شمسی توانائی کا پلانٹ نصب کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لیے ایس آئی ایف سی نے سولر کمپنی کے اشتراک سے سندھ کے تیسرے بڑے شہر سکھر میں 150 میگا واٹ کا شمسی توانائی کا پلانٹ نصب کر دیا ہے۔ یہ سولر پلانٹ خطے میں توانائی کے خسارے کو پورا کرے گا اور مقامی افراد کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنائے گا۔

دسویں جماعت کے پریکٹیکل امتحانات کا شیڈول جاری

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ نے دسویں جماعت کے پریکٹیکل امتحانات کا شیڈول جاری کر دیا۔ پریکٹیکل امتحانات کا آغاز 16 اپریل سے ہوگا، سائنس کا پہلا پریکٹیکل امتحان فزکس کا ہوگا جبکہ فزکس کے پریکٹیکل امتحانات 24 اپریل تک جاری رہیں گے۔ شیڈول کے مطابق دوسرا پریکٹیکل کا امتحان بائیو اور کمپیوٹر سائنس کا ہوگا، تیسرا پریکٹیکل کیمسٹری کا ہوگا۔ آرٹس گروپ کے پریکٹیکل امتحانات 16 اپریل سے شروع ہو کر 4 مئی تک جاری رہیں گے۔

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226